# NOTIFICATION NO: 568/2024

# DATE OF NOTIFICATION: 04/10/2024

Name of the Scholar: MOHAMMED TAHIR AZIZ KHAN

Name of the Supervisor: PROF. MOHD. MAHFOOZ KHAN

Name of the Department: URDU

Topic of Research: Jammu & Kashmir mein Urdu Ghazal: Tahqiqi aur Tanqiqi mutalea

**RESEARCH FINDINGS**

اس مقالے میں جموں وکشمیر میں اردو غزل کے آغاز وارتقا اور شعرا کی ادبی خدمات کا جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ باب اول میں جموں وکشمیر کی تاریخ اور تہذیب کو موضوع بحث بنایا گیا ہے۔ باب دوم میں جموں وکشمیر میں اردو زبان کے رواج اور آغاز وارتقا پر گفتگو کرنے کے ساتھ ساتھ وہاں کے افسانوی وغیر افسانوی ادب کا اجمالی جائزہ لیا گیا ہے۔ ناول، افسانہ، تنقید وتحقیق، نظم نگاری اور دوسری اصناف ادب میں یہاں کے ادیبوں نے اپنی جولانی طبع کے جوہر دکھائے ہیں اور نہ صرف ریاست میں بلکہ بیرون ریاست بھی شہرت حاصل کی ہے۔

باب سوم میں جموں وکشمیر میں اردو غزل کے آغاز اور ۱۹۴۷ سے پہلے کی اردو غزل کو موضوع بحث بنایا گیا ہے۔ اس باب میں چند ایسے شعرا کو بھی شامل کیا گیا ہے جو گمنامی کے پردے میں چھپے ہوئے تھے۔ ان شعرا کی حیات وشخصیت اور ادبی خدمات کو فکری وفنی انداز میں پیش کیا گیا ہے۔

باب چہارم میں ۱۹۴۷ کے بعد کی غزل گوئی پر بات کی گئی ہے اور شعرا کی شخصیت اور ادبی خدمات کو پیش کیا گیا ہے۔ اس باب میں ان شعرا کو بھی شامل کیا گیا ہے جن کی ادبی خدمات پر ابھی خاطر خواہ توجہ نہیں دی گئی تھی۔

باب پنجم میں جموں وکشمیر کے نمائندہ غزل گو شعرا کی ادبی وشعری خدمات کا جائزہ لیا گیا ہے۔ ان شعرا کی شعری انفرادیت اور اردو شعر وادب میں ان کے مقام کو متعین کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس مقالے میں جموں وکشمیر کے ۸۰ شاعروں کی شاعری کا فکری وفنی جائزہ لیا گیا ہے بعد ازاں جموں وکشمیر میں اردو غزل کی تاریخ مرتب کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔